علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که

-1 **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم هو سکتے هیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر هو جائے۔**

-2 **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: اردو داستان اور ناول: فکری و فنی مباحث (9011) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: مختصر اردو داستان کے فروغ میں فورٹ ولیم کالج نے اہم کردار ادا کیا۔ کسی ایک داستان کا تعارف و تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال 2: 'باغ و بہار' کے قصوں کی تلخیص اپنے الفاظ میں قلم بند کریں۔ 20

سوال 3: قیامِ پاکستان سے لے کر 1980 تک کے اردو ناول کے ارتقا پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال 4: 'فسانۂ عجائب' کی انفرادیت اس کے اسلوب میں ہے۔ وضاحت کریں۔ 20

سوال 5: 'ابن الوقت' کی کامیابی کا انحصار اس کی کردار نگاری میں ہے۔ تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ 20

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5 تا 9)

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: ناول میں کردارنگاری کی اہمیت پر روشنی ڈالیں نیز 'امراؤ جان ادا' کی کردارنگاری پر تفصیل سے لکھیں۔	20
سوال 2: پلاٹ کی تعریف کریں اور 'فردوسِ بریں' کے پلاٹ کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔	20
سوال 3 'فسانۂ آزاد' میں لکھنوئی تہذیب ومعاشرت کی عکاسی کس طرح کی گئی ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔	20
سوال 4 'فسانۂ آزاد' میں سب سے دلچسپ کردار خوجی کا ہے۔اس کردار کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔	20
سوال 5 : ناول 'میدانِ عمل' کا فکری جائزہ پیش کریں۔	20